Music By Chitra Gupta

رتن دیپ پکچرز کا

मां बाप

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

ماں باپ کے

گانا نمبر ۱

یہ دُنیا ایک میلہ ہے۔ یہاں اِنسان مِلتے ہیں
غریبوں کی دُعاؤں سے مگر بھگوان مِلتے ہیں
دُعائے جا اور کچھ دے جا — یہ دُنیا
تمہیں دی سیج پھولوں کی بچھونا ہمکو پتھر کا
برابر سب کو مِلتا ہے، لکھا ہو جو مقدر کا
یہ بستی ہے، دو گھر آباد، سو ویران مِلتے ہیں — یہ دُنیا
کھلے دو پھول ڈالی پر، چڑھا مندر میں جا کے
مگر بد بخت پھا دو جا، مِلا مٹی میں مُرجھا کے
کسی کو غم، کسی کو عیش کے سامان مِلتے ہیں — یہ دُنیا

گانا نمبر ۲

ایک ساتھی میرا بڑا پیارا، جانے وہ خوب نبھانا
ساتھ رہے دِن رات، دیکھو میرا وایاں ہاتھ دایاں ہاتھ
کھود کے دھرتی پھول اُگائے چھپا ہوا پاتال میں سونا
ڈھونڈ کے لائے ڈھونڈ کے لائے آپ ہی اپنی مدد کریں
تو مالک بھی دے ساتھ — ایک ساتھی —
سیدھا سادھا ساتھی میرا پہنے نہ یہ کبھی انگوٹھی
ہار سنگھار نہ دولت جھوٹی، محنت ہی کو دولت سمجھے
دیکھے نہ گرمی ہو یا برسات — ایک ساتھی

گانا نمبر ۳

یہ پہلی گھٹا ساون کی، یہ بھیگی ہوا ساون کی
کہ جیارا ہو، مچلے، مچلے، مچلے، یہ پہلی گھٹا ——
زلفیں بکھر کے اُٹھیں ہوائیں، تو کیا ہوا، تو کیا ہوا؟
جاگے میٹھا درد جیا میں تو کیا ہوا، تو کیا ہوا؟
چھو جائے گھٹا بالوں کو، تو جیارا ہو مچلے، مچلے، مچلے
ٹھیک نہیں نیت ساون کی، سچ ہوگا اجی سچ ہوگا
ترپاتی ہے رت ساون کی، سچ ہوگا اجی سچ ہوگا
کچھ بس نہ چلے موسم پر تو جیارا ہو، مچلے، مچلے مچلے
کچھ ہونے والا ہے اب تو، ہو کے رہے اجی ہو کے رہے
دل کھونے والا ہے اب تو، کھو رہے اجی کھو کے رہے
بہلائیں تو کیا بہلائیں جیارا ہو، مچلے مچلے مچلے

گانا نمبر ۴

لے لو دعائیں ماں باپ کی
سر سے اُترے گی گٹھڑی پاپ کی — لے لو
گود میں ماں کی، آنکھ کھلی، جگ دیکھا باپ کے کندھے چڑھ کے
سیوا بڑی نہ ہوگی کوئی، اِن دونوں کی سیوا سے بڑھ کے
لے لو دعا ——
دکھ سہنا ماں باپ کی خاطر، فرض تو ہے احسان نہیں
قرض ہے اِن کا تیرے سر پر، چکتا یا کوئی دان نہیں
لے لو دعا ——

مات پتا کے چرن چھوئے جو، چار دھام تیرتھ پھل پائے
جو آشیش یہ دل سے دیں بھگوان سے بھی ٹالی نہ جائے
بولو بولو دعا

گانا نمبر ۵

جل جا پرائی آگ میں پروانہ کہہ گیا
کتنے پتے کی بات ایک دیوانہ کہہ گیا
مجھ کو تو سب کی پیاس بجھانے سے کام ہے
ہونٹوں تک آ کے راز یہ پیمانہ کہہ گیا
دنیا نہ اپنا بھول جو دنیا کے باغ کو
آباد میں بھی ہونا یہ ویرانہ کہہ گیا
آئی صبح تو آخری تارا بھی ٹوٹ کے
کیسے کٹی ہے رات یہ افسانہ کہہ گیا

گانا نمبر ۶

جس دن اس دنیا سے نفرت اور خود غرضی مٹ جائیگی
اس روز یہ انساں ناچے گا۔ اس روز یہ دھرتی گائیگی
اس ٹکڑے پر حق میرا ہے
اس چپے پر حق تیرا ہے
اس وہم میں جب تک ہے دنیا
سمجھو کہ دور سویرا ہے
جب دکھ سکھ سب مل بانٹیں گے اور الفت ساز بجائیگی
اس روز یہ انساں ناچے گا

THIS EBOOK IS DOWNLOADED FROM
SHAAHISHAYARI.COM

LARGEST COLLECTION OF URDU
SHERS, GHAZALS, NAZMS AND EBOOKS.

انسان کے دل میں جب تک ہی
طاقت کا نشہ اور لالچ ہے
یہ دنیا جہنم ہی رہے گی
یہ آج بھی سچ ہے کل بھی سچ ہے
جب اپنی محنت نہیں، سب کی دولت کہلائے گی
اُس روز یہ انساں ______
سورج کا اُجالا سب کا ہے چندا کی چاندنیاں سب کی ہے
انسان ابھی پیدا نہ ہوا تھا۔ ریت یہ قائم سب کی ہے
جب دوئی کے بادل بکھریں گے
اور پریت کی کرنیں مسکائے گی
اُس روز یہ انساں ______

گانا نمبر ۷

ایک تصویر ایک مورت ہے ہائے
وہ کتنے خوبصورت ہیں
لاگے اُن کی صورتیا ایسی بھولی
جیسے کوٹے کی چوکھ میں انار کلی ۔ لاگے اُن کی ۔
باتیں وہ کرتے ہیں ایسے کمال کی
جیسے عمریا ہو پندرہ سال کی
تو تلے تو تلے نت نئے چونچلے
اسی لئے تو کہیں دال نہ گلی ۔ لاگے اُن کی ۔
شکل بھی ایسی ہے کہ جانے کا نام نہیں

گھڑی ہے باندھ رکھی لیکن کام نہ دے
جہاں بھی تھم گئے سمجھو کہ جم گئے
دن سے رات ہوئی رات بھی ڈھلی - لاگے اُن کی -
رکھتے ہیں تجربہ وہ ہر بات کا
دیکھیں گے دروازہ کبھی حوالات کا
کھائیں گے بیٹھے بیٹھے مونگ کی پھلی - لاگے اُن کی -

گانا نمبر ۵

جو دِل کو چھوڑ صورت پہ مرے
بدنام پیار کا نام کریں
بدنام کریں بدنام کریں
مکھڑے کا روپ دو پل کی دھوپ کیا اعتبار اس کا
دِل کا جہاں ہر دم جوان سچا ہے پیار اس کا
جو دِل کو چھوڑ

صورت نہ دیکھ یہ ہے فریب - دھوکے میں آنہ جانا
دِل ہے حسین تو سب کچھ حسین - دِل ہی سے تو لگانا
جو دِل کو چھوڑ

جلوا ہے رنگ دِل خمار - جڑھ کر کبھی نہ ٹوٹے
ہو ایک بار جو دِل سے پیار - وہ پھر کبھی نہ چھوٹے
جو دِل کو چھوڑ

ختم شد

جو مانگو گے ملیگا

ایک ہزار روپے انعام

اب آپ کسی طرف سے مایوس نہ ہوں آپکے سب کام پورے ہوجائینگے گرہن اور شبھ مہورت میں تیار کی ہوئی اس تانترک انگوٹھی کو انگلی میں پہن کر آپ جب سنگدل عورت یا مرد کا نام لیں گے وہ دیکھتے ہی دیکھتے فوراً بس میں ہوجائیگا اس کی زیادہ تعریف کرنا سورج کو چراغ دکھانا ہے آپ جسے چاہتے ہیں وہ جہاں کہیں بھی ہو، سات سمندر پھاند، سات توے توڑ کر آپکے قدموں میں حاضر ہوگا کٹھور یا دعدو دشمنی کو چھوڑ کر آپکے حکم کی تعمیل کریگا دلپسند منگنی، شادی ہوگی خوبصورت عورت ملیگی ہر دو روحوں سے بات چیت ہوگی، زیر زمین میں گڑی ہوئی دولت خواب میں نظر آئے گی، مقدمہ میں جیت ہوگی، امتحان میں پاس ہونگے، بیوپار میں لابھ ہوگا، اور تمام نا خوش گرہ شانت ہونگے، بدقسمتی دور ہوگی، خوش قسمت بن جائینگے، زندگی سکھ شانتی سے بیتے گی۔ تانترک انگوٹھی ۱۱/- اسپیشل تین روپیہ اسپیشل پاور فل تین روپیہ پیشگی آنے پر جس کا ۲۴ گھنٹہ میں فوراً اثر ہوتا ہے سورج مشرق کے بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے لیکن اس تانترک انگوٹھی کا اثر کبھی خالی نہیں جاتا ٹھیک نہ ہونے پر واپسی کی گارنٹی ہے، غلط ثابت کرنے والے کو ایک ہزار روپے نقد انعام۔

رام پرشاد اٹاوہ، موہن لال کاشی پور سے لکھتے ہیں کہ راج جیوتشی پنڈت دیودت شاستری تانترک آچاریہ جالندھری سے منگائی ہوئی تانترک انگوٹھی سے میرا کام پورا ہوا جو بیشمار کوششوں سے نہ ہو سکا تھا اس طرح بہت سے تعریفی خط آئے ہیں اور سینکڑوں سرٹیفکیٹ موجود ہیں، ایکبار آپ بھی آزمائش کریں۔

راج جیوتشی پنڈت دیودت شاستری تانترک آچاریہ آر۔ ڈی

جالندھر سٹی

ایک ہزار روپے کی گھڑیاں مفت انعام



اصلی بال کالا تیل نمبر ۱۰۵ سب سے بڑھیا

ہمارے مشہور بال کالا تیل کے استعمال سے سفید بال کالے اور لمبے ہی اور پھر کالے ہی پیدا ہوتے ہیں۔ یہ بے نظیر سیاہی بخش ہے۔ ہوا سے بال دوسری جگہ نہ نکالنے گرتے ہوئے بالوں کو روکتا ہے بالوں کو ملائم گھونگھر والے اور چمکدار بناتا ہے گنج پن دور کرتا آنکھوں اور دماغ کو طاقت دیتا ہے یادداشت بڑھاتا ہے۔ بہت خوشبودار ہے۔ قیمت ہر ایک شیشی صرف ایک روپیہ بارہ آنے ڈاک خرچ ایک روپیہ۔ دو آنے الگ۔ تین شیشی کی رعایتی قیمت پانچ روپے اس تیل کو مشہور کرنے کیلئے ہر ایک شیشی کے ساتھ دو فینسی رسٹ واچ اور دو انگوٹھی سولہ لندن رولڈ گولڈ مفت بطور انعام بھیجی جاتی ہیں۔ مال پسند نہ ہونے پر قیمت واپس کیا جاتا ہے۔ تین شیشی کے خریدار کو ڈاک خرچ معاف۔ دو گھڑیاں اور چھ انگوٹھیاں سولہ لندن رولڈ گولڈ مفت انعام۔ جلدی کیجئے ورنہ ایسا موقعہ پھر ہاتھ نہ آئے گا

ہماری مشہور دوائی اصلی "جوہر حسن" کو لگانے سے ہر جگہ کے بال بغیر تکلیف کے دور ہو جاتے ہیں۔ دوبارہ اس جگہ بال پیدا نہیں ہوتے۔ جگہ ریشم کی طرح ملائم نرم اور صاف ہو جاتی ہے۔ قیمت ہر ایک شیشی صرف ایک روپیہ۔ دو آنے ڈاک خرچ ایک روپیہ الگ۔ تین شیشی کی رعایتی قیمت پانچ روپیہ اس دوائی کو مشہور کرنے کیلئے ہر شیشی کے ساتھ دو انگوٹھی سولہ لندن رولڈ گولڈ اور دو خوبصورت رسٹ واچ بطور انعام مفت بھیجی جاتی ہیں۔ جلدی فائدہ حاصل کریں۔ مال پسند نہ ہونے پر قیمت واپس کیا جاتا ہے۔ تین شیشی کے خریدار کیلئے ڈاک خرچ معاف اور چھ انگوٹھیاں سولہ لندن رولڈ گولڈ مفت انعام دی جاتی ہے

کالے گورے ہو گئے

اگر آپ اپنے چہرہ یا جلد کا رنگ کالے سے گورا کرنا چاہتے ہیں اور جلد کے داغ دھبے کیل مہاسے، جھائیاں، جھریاں، روکھا پن، خشکی وغیرہ کو دور کر کے چہرہ گلاب کی طرح نرم شگفتہ اور خوبصورت بنانا چاہتے ہیں تو ہمارا تیار کیا ہوا "لندن بیوٹی لوشن" استعمال کریں۔ اس سے آپ کے جسم و چہرے کا رنگ کالے سے گورا ہو جائے گا۔ یہ لوشن عورتوں اور مردوں سب کے لئے یکساں مفید ہے۔ قیمت ہر ایک شیشی ایک روپیہ۔ تین شیشیوں کی قیمت پانچ روپے ڈاک خرچ ایک سے تین شیشی تک ایک روپیہ الگ۔ اس لوشن کو مشہور کرنے کیلئے ہر شیشی کے ساتھ دو فینسی رسٹ واچ اور دو انگوٹھی سولہ لندن رولڈ گولڈ مفت بطور انعام بھیجی جاتی ہیں۔ مال پسند نہ ہونے پر دام واپس کیا جاتا ہے۔ جلدی کریں ورنہ ایسا موقعہ پھر نہ آئے گا

لندن ٹریڈنگ ایجنسی آر۔ ڈی جالندھر سٹی

THIS EBOOK IS DOWNLOADED FROM
SHAAHISHAYARI.COM

LARGEST COLLECTION OF URDU
SHERS, GHAZALS, NAZMS AND EBOOKS.